# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہو رہا ہے

/ এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
/ Перевод документа на русский язык /یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

**3 اپریل، 2023**

یہ تجدید خاندانوں کو موسمِ گرما 2023 میں تعلیم اور تعلیمی تقویتی مواقع کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے، اور یہ کہ نیو یارک شہر اسکول سروے کو 20 اپریل سے پہلے مکمل کرکے آپ کس طرح اپنے بچے کے اسکول کو اہم تبصرات فراہم کرسکتے ہیں۔

## مندرجات:


- **سمر رائزنگ 2023: کنڈرگارٹن تا 8 گریڈ**
  - سمر رائزنگ مجموعی جائزہ
  - درخواست کس طرح دیں
  - انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا
- **نیو یارک شہر اسکول سروے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے**


## سمر رائزنگ 2023: کنڈرگارٹن تا 8 گریڈ

### سمر رائزنگ کا عمومی جائزہ

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) اور نیویارک شہر محکمئہ نوجوانان اور اجتماعی فروغ دہی (DYCD) کے مابین ایک شراکت، **سمر رائزنگ** الیمنٹری اور مڈل اسکول کے طلبا کو پُرلطف، ثقافتی طور پر ہم آہنگ، عملی تجربات فراہم کرے گا جو انکی تعلیمی، سماجی اور جذباتی صلاحیتوں کو مستحکم کریں گے۔ پروگرامنگ میں محکمئہ تعلیم کے زیرِ قیادت تعلیمات اور DYCD برادری پر مبنی تنظیموں (CBO) کی زیرِ قیادت تقویتی سرگرمیاں شامل ہیں۔

سمر رائزنگ **مفت** ہے اور نیویارک شہر کے کسی بھی موجودہ طالب علم کے لیے کھلا ہے جو فی الوقت کنڈرگارٹن تا 8 گریڈ میں ہے۔ اہل خانہ nyc.gov/SummerRising پر 17 اپریل اور 1 مئی کے درمیان درخواست دے سکتے ہیں۔ اس سال کے اندراج کا طریق کار، ان طلبا کو جن کے لیے موسمِ گرما اسکول ضروری قرار دیا گیا ہے، عارضی رہائش گاہ میں یا عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں رہنے والے طلبا، 12 ماہ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی ترتیبوں کے طلبا، اور تعلیمی سال کے دوران CBO پروگرام میں مندرج خاندانوں یا اسکول برادری سے ملحقہ مقام میں شرکت کرنے والے طلبا کو ترجیح دے گا۔

یہ پروگرام **5 جولائی** کو شروع ہوگا اور **پیر تا جمعہ، صبح 8:00 بجے تا شام 6:00 بجے** تک جولائی اور اگست کے مہینوں میں منعقد ہوگا۔ طلبا کو مفت ناشتہ، لنچ، اور اسنیک فراہم کیے جائینگے۔ سمر رائزنگ تمام طلبا کے لیے چھ ہفتوں کے لیے دستیاب ہوگا، بمع گریڈز K–5 طلبا کے لیے ایک تعلیمی تقویت کے ساتویں ہفتے کے۔ nyc.gov/SummerRising پر مزید جانیں

**درخواست کس طرح دی جائے**

**17 اپریل** سے شروع، آپ اپنے بچے کا اندراج کروانے کے لیے سمر رائزنگ کی درخواست کو nyc.gov/SummerRising پر جمع کروا سکتے ہیں۔ درخواست میں آپکے طالب علم کے 9 عددی آئی ڈی نمبر کا پوچھا جائے گا، جو اگر آپکو معلوم نہیں ہے تو آپ اپنے اسکول سے لے سکتے ہیں۔

اہل خانہ اپنی درخواست میں 12 پروگرام تک انتخابات درج کر سکتے ہیں، اور جتنے زیادہ ممکن ہوں پروگراموں کی درجہ بندی کریں تاکہ ان کی پسند کے ایک پروگرام میں تقرر کیے جانے کے امکانات کو بڑھایا جا سکے۔ وہ اس درخواست کے پورٹل میں پیش کردہ کوئی بھی پروگرام یا گرمیوں کے مقام کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
پچھلے سال کے برعکس، یہ طریقِ کار پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہے۔ درخواست کے دورانیے (17 اپریل تا 1 مئی) کے دوران اہل خانہ کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔ درخواست دینے کی آخری تاریخ کے تقریباً ایک ہفتے بعد، اہل خانہ سمر رائزنگ پروگرام میں ان کی تقرری کی تصدیق کی ایک ای میل موصول کریں گے، یہ نشست کی دستیابی کی بنیاد پر ہے۔

اگر آپکے سوالات ہیں یا درخواست میں مدد درکار ہے، برائے مہربانی اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رجوع کریں یا summer@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

**انفرادی تعلیمی پروگرام (IEPs) اور 504 منصوبے رکھنے والے طلبا**

**12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY) پروگرامز:** وہ طلبا جو 12 ماہ / توسیعی تعلیمی سال (ESY)، خاص کلاس یا ASD Nest یا ہرائزن پروگرامز میں شرکت کرتے ہیں وہ انکے IEP پر مجوزہ پروگرام اور خدمات کو ایک توسیعی تعلیمی سال (ESY)، ضلع 75 یا گرمیوں کے ASD پروگرام کے مقام پر موصول کریں گے۔ وہ اہل خانہ جو IEP پروگرامنگ اور سمر رائزنگ (جو کہ شام 6 بجے تک منعقد کیا جائے گا) کے ذریعے CBO کے زیرِ قیادت توسیع دن تقویتوں میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان کو درخواست پورٹ کو استعمال کرنا چاہیئے۔ ان اہل خانہ کو سمر رائزنگ کی نشستوں کے لیے ترجیح حاصل ہوگی اور یہ اپنے IEP پروگرام سے متعلقہ CBO پروگرام (پروگرامز) منتخب کریں گے۔

اگر کوئی اہل خانہ اپنے بچے کے لیے توسیعی دن تقویتی پروگرام **نہیں** چاہتے، اور انکا بچہ صرف ASD پروگرامنگ میں (دوپہر 12 بجے تک) یا D75/ESY پروگرامنگ میں (دوپہر 2:30 بجے تک) شرکت کرے گا، ان اہل خانہ کو چاہئیے کہ درخواست پورٹل کو استعمال کرنے کے بجائے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

**سہولیات:** وہ طلبا جنہیں سمر رائزنگ میں شرکت کے لیے معاونتیں مطلوب ہیں، جیسے کہ معاون پیشہ ور یا نرس، وہ انہیں اپنی انفرادی ضروریات کے مطابق موصول کریں گے۔

## نیو یارک شہر اسکول سروے کی آخری تاریخ میں توسیع کر دی گئی ہے

اگر آپ نے اپنا نیو یارک شہر اسکول سروے پہلے ہی مکمل نہیں کرلیا ہے، اب آپ کے پاس ایسا کرنے کے لیے **20 اپریل** تک موقع ہے۔ اپنے تبصرات فراہم کرنے اور اسکول قائدین کی آپکے بچے کے اسکول کو تعلیم حاصل کرنے کی ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے NYCSchoolSurvey.org پر جائیں یا اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں schoolsaccount.nyc پر لاگ اِن کریں۔